13 مئی،2026ء

اسٹیٹ بینک کو آئی ایم ایف سے تقریباً 1.3 ارب ڈالر موصول ہو گئے

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ نے 08 مئی 2026ء کو اپنے اجلاس میں توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے تحت دوسرا جائزہ مکمل کر لیا اور پاکستان کے لیے 760 ملین ایس ڈی آر جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ اس کے علاوہ، آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ نے آر ایس ایف (Resilience and Sustainability Facility) کے تحت 154 ملین ایس ڈی آر کی دوسری قسط جاری کرنے کی بھی منظوری دی۔

چنانچہ، ای ایف ایف اور آر ایس ایف کے تحت اسٹیٹ بینک کو آئی ایم ایف سے 12 مئی 2026ء کو 914 ملین ایس ڈی آر (تقریباً 1.3 ارب ڈالر کے مساوی) موصول ہو گئے۔ یہ رقم 15 مئی 2026ء کو ختم ہونے والے ہفتے میں اسٹیٹ بینک کے زرِ مبادلہ کے ذخائر میں شامل ہو گی۔

***